بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد

ٹینڈر نوٹس برائے فروخت ردی

ٹینڈر نمبر:**296**۔ایس۔ایس

مورخہ:۔**20-10-2025**

1۔ ٹینڈر فارم دفتری اوقات کار کے دوران رجسٹرڈ اور ATL میں شامل فرمز اشتہار کی تشہیر سے لے کر مورخہ 2025-11-18 تک سٹور برانچ سے حاصل کر سکتی ہیں۔نیز مورخہ **19-11-2025** (Tender Opening Date) کو ٹینڈر فروخت نہیں کئے جائیں گے۔تاخیر سے آنے والے ٹینڈر قابل قبول نہیں ہوں گے۔ٹینڈر مورخہ **19-11-2025** بوقت 1:00 P.M بجے دن تک بنام زیر دستخطی مطلوب ہیں جو کہ اسی روز حاضر ٹینڈر دہندگان/نمائندگان کی موجودگی میں بوقت 1:30 P.M بجے دن کھولے جائیں گے۔

2- فرم کی جانب سے ردی کی خرید آئٹم نمبر-01 کے لیے مبلغ **2,000,000/- (بیس لاکھ روپے)** آئٹم نمبر-02 کے لیے مبلغ **1,000,000/-(دس لاکھ روپے)** آئٹم نمبر-03 کے لیے مبلغ **300,000/-(تین لاکھ روپے)** کا **C.D.R** بطور زرضمانت (قابل واپسی) کسی بھی شیڈولڈ بنک میں بنام سیکرٹری بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد اور شناختی کارڈ کاپی کے ساتھ جمع کروا کر سٹور برانچ سے ٹینڈر فارم حاصل کیا جا سکتا ہے۔

3- کامیاب ٹینڈر دہندہ کو نرخ منظور ہونے اور Acceptance Letter جاری ہونے کے بعد 10 دن کے اندر اندر آئٹم نمبر-01 کے لیے مبلغ پندرہ لاکھ روپے آئٹم نمبر-02 کے لیے مبلغ سات لاکھ روپے اور آئٹم نمبر-03 کے لیے مبلغ دو لاکھ روپے بطور زرضمانت بورڈ کے کھاتہ میں جمع کروانا ہوں گے اور معاہدہ کرنا ہوگا۔معاہدہ لیٹ کرنے کی صورت میں بورڈ کو حق حاصل ہوگا کہ فرم کے خلاف کارروائی کرے۔جس میں CDR کی ضبطی/نااہلی یا دونوں کارروائی کی جا سکتی ہیں۔

4۔ کامیاب ٹینڈر دہندہ کو ردی اٹھانے کا آرڈر جاری ہونے کے بعد 45 دن کے اندر اندر مطلوبہ انتظامات مکمل کر کے تمام ردی اٹھانا ہوگی۔ردی ہر روز اٹھانا ہوگی اور بورڈ کے ساتھ میٹنگ کر کے ردی اٹھانے کا شیڈول طے کرنا ہوگا۔طے شدہ شیڈول پر عمل پیرا نہ ہونے کی صورت میں بورڈ کو جرمانہ کرنے کا حق حاصل ہوگا۔تاخیر کی صورت میں مبلغ-/10000 (دس ہزار روپے) یومیہ جرمانہ عائد کیا جائے گا۔

5۔ فرم کو سیلز ٹیکس رجسٹریشن اور انکم ٹیکس سرٹیفکیٹس کی نقول ہمراہ ٹینڈر لف کرنا ہوں گی اور اس امر کا سرٹیفکیٹ بھی دینا ہوگا کہ وہ جوابی کاپیوں کی ردی بازار میں فروخت نہیں کریں گے۔

6۔ ٹینڈر بغیر سی۔ڈی۔آر، فی کلوگرام نرخ تحریر نہ کرنے نیز مندرج نرخ پر (Over writing/Cutting) کوئی اضافی شرط/مطالبہ یا مبہم ہونے کی صورت میں شامل مقابلہ نہ کئے جائیں گے شرائط کی عدم تعمیل کی صورت میں زیر دستخطی کو زرضمانت بحق بورڈ ضبط کرنے کا اختیار حاصل ہوگا اور کوئی بھی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

7۔ زیر دستخطی کو کسی خاص وجہ کی بناء پر ٹینڈرز کو کلی طور پر منظور/مسترد کرنے کا اختیار حاصل ہوگا تاہم اس وجہ کو معرض تحریر میں لایا جائے گا۔

8۔ کسی بھی تنازعہ کی صورت میں چیئرپرسن/چیئرمین بورڈ ہذا کا فیصلہ حتمی ہوگا اور فریقین پر اس کی پابندی لازم ہوگی۔

9۔ تمام اقسام کی ردی کا وزن تقریباً 400 ٹن ہے۔

10۔ ٹینڈر میں ردی کے ریٹ کا اندراج بغیر ٹیکس (صافی) فی کلوگرام کیا جائے۔ٹینڈر ریٹس 90 روز تک کارآمد ہوں گے۔

11۔ ٹینڈر میں دیئے گئے ریٹس پر 10% انکم ٹیکس اور 18% سیلز ٹیکس کی ادائیگی بذمہ فرم ہوگی۔ علاوہ ازیں محکمہ انکم ٹیکس و دیگر کسی بھی محکمہ کی طرف سے عائد مزید ٹیکس پر ریکوری پائی گئی تو کامیاب ہونے والی فرم کو حسب قواعد ٹیکسز ادا کرنا ہوں گے۔صرف فائلر فرم ہی بڈ میں حصہ لینے کی اہل ہوگی۔

12- ٹینڈر دستاویزات بعوض -/1000 روپے بصورت ڈرافٹ/پے آرڈر یا بینک چالان بنام سیکرٹری جمع کروا کر سٹور برانچ سے حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ٹینڈر دستاویزات بذریعہ ڈاک/کوریئر سروس منگوانے کے لیے بطور سروس چارجز -/500 روپے اضافی ادا کرنا ہوں گے۔

13۔ ٹینڈر نوٹس پیپرا ویب سائٹ (www.ppra.punjab.gov.pk) اور بورڈ ویب سائٹ (www.bisefsd.edu.pk) پر بھی ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

14- PPRA کی ویب سائٹ کا یو آر ایل (http://eproc.punjab.gov.pk/View/Tender.aspx) ہے اور ٹینڈر جمع کرانے کا وقت صرف اس تاریخ سے شمار کیا جائے گا جس دن اشتہار PPRA کی ویب سائٹ پر شائع کیا گیا ہو۔

سیکرٹری